cbe.ab.ca

Calgary Board of Education

# مرکزی فیس کی معا فی کے لئے درخواست دیں


شروع کرنے سے پہلے آپ:

- اپنی معاون دستا یزات کواپنےکمپیوٹریا ڈیوائس سے اپ لوڈ کر نے کے لئےتیار ر کھیں۔ مطلوبہ دستاویزات کی فہرست کےلیئے ملحقات ملا حظ کیجئے۔
- نامکمل معلومات کی درخواستوں پرعملدرآمد نہیں کی جا سکتا ۔
- عملدرآمد میں8-12ہفتےلگ سکتے ہیں۔ اکرآپ کو8 ہفتوں میں جواب موصول نہ ہو تو ای میل کیجئے۔ feewaiver@cbe.ab.ca
- اہلیت کےلیئے درخواستوں کولازما ہر سال مکمل کیا جانا چا ہیے۔
- چھوٹ [معافی]کے بارے میں مذید معلومات کےلئے ہماری ویب سائیٹ وزٹ کیجئے۔https://cbe.ab.ca/registration/fees-and-waivers/Pages/Waivers.aspx
- پاور سکول کے بارے میں معلومات کےلیئے وزٹ کر یں https://www.cbe.ab.ca/support/Pages/MyCBE-PowerSchool.aspx


1 MyCBE اپنےسی بی اي اکاونٹ میں لاگ ان کریں۔
www.cbe.ab.ca/mycbe

نوٹ | MyCBE کی مذید معلومات اورمدد کلیئے وزٹ کریں۔
https://www.cbe.ab.ca/support/Pages/MyCBE-PowerSchool.aspx

1




**2** طالبعلم کی فیس اور سروسز رجیسٹریشن کا انتخاب کریں۔





**3** طا لبعلم کے نام پر کلک کریں۔

نوٹ | خاندان کے ہر بچے کیلئے الگ سے چھوٹ کی درخواست مکمل کرنے کی ضرورت ہو گی۔




4 صفحے کے نیچے، مرکزی فیس چھوٹ کو منتخب کریں۔

اس سےمرکزی فیس معافی کی درخواست کھل جائے گی۔




5 طالبعلم اور والدین کی ڈیموگرافک معلومات پہلے سے بھری ہوئی ہوں گی۔ اگر یہ معلو مات درست نہیں تو آپ کو لازمااپنے سکول میں اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنا ہو گا۔


لاگو ہونے والی چھوٹ کا زمرہ منتخیب کریں۔



6 **اضافی معلومات** مکمل کریں۔آپ کے گھر میں مقیم افراد کی تعداد بشمول با لغ اور بچوں کے،اور وضاحت کریں کہ آپ چھوٹ کلیۓ درخواست کیوں کر رہیں ہیں۔

7 معاون دستاویزات کو **اپ لوڈ** کریں ۔

8 اگر آپ کو ایک سے ذیادہ دستاویز پیش کرنے کی ضرورت ہے،آپ **اضافی دستاویزات** پیش کر سکتے ہیں۔





9 شرائط و ضوابط پڑھیں۔اگر آپ متفق ہیں ،**فارم سائن کریں**۔

شرائط و ضوابط

- اگراس چھوٹ کو مسترد کردیاجاۓ تو والدین/سرپرست مناسب سا لانہ سروسزفیس یا اسکول فیس ادا کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔
- ذاتی معلومات اس فارم میں دیۓ گۓ مقا صد کلیۓ اتھارٹی آف البرٹا کی آذادی معلومات اوررازداری ایکٹ {ایف اوآی پی}کی حفاظت اور اسکول ایکٹ کے تحت اکٹھی کی جا تی ہیں۔

اس پر دستخط کرنے میں:

- میں سمجھتا ھوں کہ فراہم کردہ ما لی اوردیگر معالومات رازدارانہ ہیں ؛اور
- میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس درخواست میں اور اس سے منسلک تمام دستاویزات میں فراہم کردہ معالومات موجودہ وقت کی،درست اور مکمل ہیں۔




10 **سبمٹ** پر کلک کریں۔ اپنے سوالات اوراگر آپ کی درخواست کے فیصلے سے متعلق ہم نے مشورہ د ینا ہوا تو آپ سے ای میل کے زریعے رابطہ کر ینگے۔



Calgary Board of Education

# ملحقات

| Waiver Documents | چھوٹ کیلئے دستاویزات |
|---|---|
| **کم آمدنی سرکاری امداد کے ثبوت کے ساتھ**<br>(Low-Income with proof of government support) | ▪ سٹی آف کیلگری فیر انٹری لیٹر(City of Calgary Fair Entry letter)، **یا**<br>▪ البرٹا چائلڈ ہیلتھ بینیفٹ لیٹر اور کارڈ(Alberta Child Health Benefit letter and card)، **یا**<br>▪ سو شل سروسز بینیفٹ کارڈ(Social Services benefit card)<br>* درخواستگزار اور طالبعلم[علموں]دونوں کے نام لازما دستاویز پر ظاہرہونے چاہیے |
| **آمدنی میں اچا نک کمی کی وجہ سے کم آمدنی**<br>(Low-Income due to sudden loss of income) | ▪ گھریلو موجودہ آمدن کا ثبوت،تجویز کردہ معاون دستاویزات:<br>▪ گورنمنٹ بینیفٹس کا اسٹیٹمنٹ[ مثلاایمپلائمنٹ انشورنس بینیفٹس]<br>▪ پے اسٹبز یا اگر فلوقت ملازم ہیں اپنے روزگارکی آمدنی کا ثبوت<br>▪ آپ کی درخواست کی تائید میں کوئ اور متعلقہ دستاویزات |
| **حکومت کی سر پرستی میں پناہ گزین**<br>(Government Sponsored Refugee) | ▪ "والدین کے رہائش کی تصدیق" کے کاغذات بشمول کنونشن پنا گزین اور موجودہ شہریت اورامیگریشن کے چیک کا باقی ٹکڑا، **یا**<br>▪ درخواستگزاراور بچوں کلیئے عبوری وفاقی صحت سر ٹیفیکیٹ کی اہلیت کی موجودہ تاریخ کی کاپی |
| **والدین /قانونی سرپرست یا طالبعلم کی وفات**<br>(Death of a Parent/Legal Guardian or Student) | ▪ موت،**یا**<br>▪ آخری رسومات کا پروگرام،**یا**<br>▪ ڈیتھ سر ٹیفیکیٹ |
| **خاندانی ایمرجنسی**<br>(Family Emergency) | ▪ موجودہ گھریلو آمدنی کا ثبوت<br>▪ ناگہانی واقعہ کا ثبوت[مثلا پولیس رپورٹ،ڈاکٹر کا نوٹ،انشورنس کا دعوہ،بے دخلی کا نوٹس وغیرہ-]<br>▪ کوئ بھی دوسری دستاویزات جو آپ کی درخواست کی تائید کرے |
| **پناہ گاہ / سوشل سروس پروٹیکشن**<br>(Shelter/Social Service Protection) | ▪ تسلیم شدہ سوشل سروسز یا شیلٹر آرگنائزیشن کی جانب خط |

Calgary Board of Education